| مضمون: | اردو | جماعت: | پلے گروپ | موضوع: | حرف ’ص‘ | دن: | پہلا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ ’حرف ’ص‘ کی پہچان کرسکیں‘۔اس کی آواز اس سے شروع ہونے والے الفاظ (کوئی سے دو) بتاسکیں۔ | **دہرائی:**<br>بچوں کوحروف تہجی کی نظم سنائی جائے گی۔بچوں سے حروف کا تلفظ آواز اور اشیاء پوچھی جائیں گی۔ | 5منٹ | فلیش کارڈز | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا۔ حرف ’ص‘ کا درست تلفظ،آواز اور اس سے شروع ہونے والی اشیاء میں حرف ’ص‘ کی نشاندہی کرنے پر۔ |
| | **تعارف:**<br>بچوں کوحرف ’ص‘ کافلیش کارڈ دکھایا جائے گا۔اور بتایا جائے گا کہ یہ حرف ’ص‘ ہے۔یہ حروف تہجی کا اکیسواں حرف ہے۔بچوں کواس کی صوتی آواز بتائی جائے گی بچوں کو بتایا جائے گا کہ آج ہم حرف ’ص‘ درست تلفظ سے بولنا سیکھیں گے۔اورحرف ’ص‘ کے ذخیرہ الفاظ (صندوق،صوفہ،صابن،صراحی،صبح،صفحہ،صفائی)فلیش کارڈ کے ذریعے دکھائے جائیں گے بچوں حرف ’ص‘ سے شروع ہونے والی اشیاء پی پی ٹی کے ذریعے دکھا کران کے نام بتائے جائیں گے۔بچوں کوحرف ’ص‘ سے شروع ہونے الی اشیاء پی پی ٹی کے ذریعے دکھا کران کے نام بتائے جائیں گے | 10منٹ | | |
| | **مرکزی سرگرمی:**<br>بچوں کوحرف ’ص‘ کی ورک شیٹ دی جائے گی۔جس میں وہ ’ص‘ میں انگلی کی مدد سے رنگ بھریں گے۔ | 20منٹ | | |
| | **اختتامیہ:**<br>بچوں سے ’ص‘ کا تلفظ اور صوتی آواز پوچھی جائے گی۔ | 5منٹ | ورک شیٹ،کلرز | |

| مضمون: | اردو | جماعت: | پلے گروپ | موضوع: | حرف ’ص‘ | دن: | دوسرا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ حرف ’ص‘ کی پہچان کرسکیں۔ اس کی آواز اس سے شروع ہونے والے (کوئی سے چار الفاظ) بتاسکیں۔ | **دہرائی:**<br>بچوں کو حروف تہجی کی نظم سنائی جائے گی۔ بچوں کو حرف ’ص‘ کا فلیش کارڈ دکھا کر اس کا تلفظ اور صوتی آواز پوچھی جائے گی۔ | 5 منٹ | فلیش کارڈز | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا۔ حرف ’ص‘ کا درست تلفظ، آواز اور اس سے شروع ہونے والی اشیاء میں حرف ’ص‘ کی نشاندہی کرنے پر۔ |
| | **تعارف:**<br>بچوں کو ’ص‘ کی نظم سنائی جائے گی۔<br>جاگو جاگو صبح ہوئی جاگو جاگو صبح ہوئی پورب کا دروازہ کھلا ٹھنڈی ٹھنڈی چلی ہوا<br>جاگو جاگو صبح ہوئی جاگو جاگو صبح ہوئی پھولوں نے یہ ہنس کر کہا صبح سویرے جو اُٹھا<br>دن بھر وہ ہنستا ہی رہا جاگو جاگو صبح ہوئی | 10 منٹ | | |
| | **مرکزی سرگرمی:**<br>بچوں کو کہا جائے گا کہ کتاب کا صفحہ نمبر 50 کھولیں۔ اور حرف ’ص‘ پر انگلی پھیریے۔ اور حرف ’ص‘ سے شروع ہونے والی اشیاء کے نام بتایئے۔ ’ص‘ کی آواز کی بار بار دہرائی کروایئے۔<br>**’ص‘ سے صندوق:**<br>بچوں کو ایک دن پہلے جوتے کے چھوٹے والے ڈبے لانے کو کہا جائے گا۔ بچوں سے جوتے کے ڈبے سے صندوق بنوایا جائے گا۔ بچے جوتے کے ڈبے پر پینٹ کریں گے۔ اور مختلف موتی اور بٹن لگا کر صندوق مکمل کریں گے۔ | 20 منٹ | صفحہ نمبر 50<br>جوتے کے ڈبے<br>پوسٹر کلرز پینٹ<br>برش، بٹن، موتی<br>گالو | |
| | **اختتامیہ:**<br>حرف ’ص‘ سے شروع ہونے والی اشیاء کی تصاویر دکھا کر اِن کے نام پوچھے جائیں گے۔<br>**گھر کا کام:** ’ص‘ کی اشیاء میں رنگ بھریئے ورک شیٹ دی جائے گی۔ | 5 منٹ | ورک شیٹ | |

| مضمون: | اردو | جماعت: | پلے گروپ | موضوع: | حرف 'ص' | دن: | تیسرا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ 'حرف 'ص' کی پہچان کرسکیں'۔ اس کی آواز اس سے شروع ہونے والے الفاظ (کوئی سے چار) بتاسکیں۔ | **دہرائی:**<br>حرف 'ص' کا تلفظ، اس کی آواز اور اس سے شروع ہونے والی اشیاء کے نام دہرائے جائیں گے۔ 'ص' کی نظم دہرائی جائے گی۔ | 5 منٹ | فلیش کارڈ | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا۔ حرف 'ص' کا درست تلفظ، آواز اور اس سے شروع ہونے والی اشیاء میں حرف 'ص' کی نشاندہی کرنے پر۔ |
| | **تعارف:**<br>بچوں کو بتایا جائے گا کہ آج آپ حرف 'ص' کی کہانی سنیں گے۔<br>صبوحی کی امی نے آج صبح ہی سے کمرے کی صفائی کرنے کا کہا۔ اُس نے کمرے میں جھاڑو دی جالے صاف کیے۔ پھر اس نے صابن سے اچھی طرح ہاتھ دھوئے اور اپنے کمرے میں رکھی صراحی میں پھول سجانے لگی۔ اُس کی امی اُس کے کمرے کے لیے نیا صوفہ لائی اُسے دیکھ کر وہ بہت خوش ہوئی۔ | 10 منٹ | | |
| | **مرکزی سرگرمی:**<br>بچوں کو صراحی کی ورک شیٹ دی جائے گی۔ جس میں وہ رنگدار صفحے کو کاٹ کر صراحی کے اوپر چسپاں کریں۔ | 20 منٹ | ورک شیٹ رنگدار | |
| | **اختتامیہ:**<br>بچوں سے صبح، صفائی، صفائی، صابن، صراحی، صوفے کی ابتدائی آوازیں پوچھی جائیں گی۔ | 5 منٹ | کاغذ گلو | |

| مضمون: | اردو | جماعت: | پلے گروپ | موضوع: | حرف 'ص' | دن: | چوتھا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ 'حرف 'ص' کی پہچان کرسکیں'۔اس کی صوتی آوازاور اس سے شروع ہونے والے الفاظ (کوئی سے سات )اوراس کی بناوٹ جان سکیں۔ | **دہرائی:**<br>حرف 'ص' کا تلفظ اُس کی بناوٹ اور اُس سے شروع ہونے والی اشیاء کے نام دہرائے جائیں گے۔حرف 'ص' کی کہانی کے بارے میں پوچھا جائے گا۔اس میں 'ص' کے الفاظ پوچھے جائیں گے۔ | 5منٹ | فلیش کارڈ | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا۔حرف 'ص' کا درست تلفظ، آواز اور اس سے شروع ہونے والی اشیاء میں حرف 'ص' کی نشاندہی کرنے پر۔ |
| | **تعارف:**<br>بچوں کو بتایا جائے گا کہ آج ہم 'ص' سے شروع ہونے والے مزید الفاظ جانیں گے۔بچوں کو فلیش کارڈ کے ذریعے صبح ،صفحہ اور صفائی کی تصاویر دکھائی جائیں گی۔اور بچوں کو ان الفاظ کی ابتدائی آواز بتائی جائے گی۔ | 10منٹ | | |
| | **مرکزی سرگرمی:**<br>تختہ سفید/ سیاہ پر مختلف تصاویر کے فلیش کارڈ چسپاں کئے جائیں گے۔بچوں کو کہا جائے گا کہ 'ص' والی تصاویر کے گرد دائرہ لگائیں بچوں کو کتاب کا صفحہ نمبر 51 کھولنے کو کہا جائے گا۔اور پوچھا جائے گا کیا شتر مرغ کی ابتدائی آواز 'ص' ہے۔بچوں کو 'ص' کی تصاویر کے گرد دائرہ لگانے اور 'ص' کی درست بناوٹ پر پینسل پھیرنے کو کہا جائے گا۔ | 20منٹ | کتاب صفحہ نمبر 51 | |
| | **اختتامیہ:**<br>Salt Tray کی مدد سے حرف 'ص' کو لکھنے کی مشق کروائی جائے گی۔ | 5منٹ | | |

| مضمون: | اردو | جماعت: | پلے گروپ | موضوع: | حرف 'ص' | دن: | پانچواں |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ 'حرف 'ص' کی پہچان کرسکیں'۔ اس کی آواز اس سے شروع ہونے والے الفاظ (کوئی سے سات) بتاسکیں۔ | **دہرائی:**<br>بچوں کو حرف 'ص' کی تصاویر فلیش کارڈ کی مدد سے دکھا کر ان کی ابتدائی آواز اور اشیاء کے نام پوچھے جائیں گے۔ | 2منٹ | فلیش کارڈ | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا۔ حرف 'ص' کا درست تلفظ، آواز اور اس سے شروع ہونے والی اشیاء میں حرف 'ص' کی نشاندہی کرنے پر۔ |
| | **تعارف:**<br>بچوں سے Sand Letters پر حرف 'ص' کی درست بناوٹ کی مشق کروائی جائے گی۔ | 5منٹ | Sand Letters | |
| | **مرکزی سرگرمی:**<br>بچوں سے کاپی پر حرف 'ص' پر پینسل پھیرنے کی مشق کروائی جائے گی۔ ہر بچے کی انفرادی طور پر نگرانی کی جائے گی۔ تاکہ وہ مقررہ وقت میں کام مکمل کرسکے۔ | 30منٹ | کاپی | |
| | **اختتامیہ:**<br>بچوں سے تختہ سفید/سیاہ پر حرف 'ص' کی لکھائی کروائی جائے گی۔ | 3منٹ | | |
| | **گھر کا کام:**<br>کاپی میں حرف 'ص' پر پینسل پھیریے۔ | | | |